عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 28 اکتوبر 2026ء/ 16 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 210

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے

وزیراعلیٰ بلوچستان

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل پائیدار امن کے لیے ضروری ہے، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی

مقبوضہ وادی میں بھارتی مظالم اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں تشویشناک ہیں، بلوچستان حکومت کی مکمل حمایت کا اعادہ، میر سرفراز بگٹی نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ دن ہے، جو ان کی جدوجہد آزادی اور حق خودارادیت کی یاد دلاتا ہے۔ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی جدوجہد کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے پیغام میں کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

قومی اسمبلی میں یوم سیاہ کشمیر پر بھارت کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی

اسلام آباد (جی این ایم) قومی اسمبلی نے 27 اکتوبر یوم سیاہ پر کشمری عوام سے اظہار یکجہتی کی قرارداد منظور کرلی، قرارداد وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام اور چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے پیش کی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی سپیکر (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اسرائیل غزہ میں مسلسل نسل کشی کا مرتکب، مغربی کنارے میں صورتحال سنگین: اقوام متحدہ

جنگ بندی کے باوجود غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی جاری ہے، اسرائیلی فوج جان بوجھ کر فلسطینی شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہے

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ کے تحقیقاتی کمیشن کی اسرائیلی جنگی جرائم سے متعلق نئی رپورٹ جاری ہوگئی جس میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیل غزہ میں مسلسل نسل کشی کا مرتکب ہو رہا ہے۔ یو این رپورٹ کے مطابق جنگ بندی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

27 اکتوبر 1947 کشمیریوں کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، سینیٹر شمینہ ممتاز

اقوام متحدہ اور عالمی برادری مقبوضہ وادی میں بھارتی مظالم کا نوٹس لیں، پاکستان کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، پیغام

کوئٹہ (جی این ایم) چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق، سینیٹر شمینہ ممتاز (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

معاہدے کے تحت ہم پر بھی سعودیہ کا دفاع لازم ہے، خواجہ آصف

واضح ہوگیا ہے خطے میں امن کیلئے پاکستان کے اقدامات کے ثمرات مل رہے ہیں، فیلڈ مارشل اور وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان نے عالمی امن کیلئے کام کیا ہے

امکان ہے ایران کی امریکا سے جنگ کے حل سے متعلق نتائج نکل سکیں گے مگر امریکا اور اسرائیل میں انتخابات ہو رہے ہیں، سیاسی مقاصد کیلئے جنگیں نہیں ہونی چاہیے، گفتگو



اسلام آباد، سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح طامی الحقمی سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ تہران میں ہونیوالے چار ملکی اجلاس کا بڑا مقصد سعودی عرب کے حالات تھے، خیال ہیکہ تہران میں چاروں ملکوں کی ملاقات میں پیشرفت ہوئی ہے۔ ایک انٹرویو میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا افسوسناک بات (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

نوشکی گرلز ڈگری کالج میں مسلح نقاب پوش افراد کی فائرنگ، 3 طالبات زخمی

کالج میں توڑ پھوڑ کے بعد طالبات پر فائرنگ، ایک زخمی طالبہ کی حالت تشویشناک

نوشکی (جی این ایم) نوشکی کے گرلز ڈگری کالج میں تین مسلح نقاب پوش افراد کی فائرنگ سے تین طالبات زخمی ہوگئیں، جن میں سے ایک کی حالت تشویشناک بتائی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کشمیریوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد کو جبر سے نہیں دبایا جاسکتا، ڈار

مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لئے موثر عالمی کوششیں ناگزیر ہیں، 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی

تقریباً 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود مسئلہ کشمیر حل طلب ہے، نائب وزیراعظم کا یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا، مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے مؤثر عالمی کوششیں ناگزیر ہیں۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اپوزیشن لیڈر وزیراعظم ہاؤس جانے کو تیار ہیں، ترجمان اپوزیشن اتحاد

وزیر اطلاعات کو حکومت اور اپوزیشن مذاکرات کے بنیادی نکات تک کا علم نہیں، اخوانزادہ حسین یوسفزئی

اسلام آباد (جی این ایم) ترجمان اپوزیشن اتحاد اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر وزیراعظم ہاؤس جانے کو تیار ہیں تاکہ پاکستان کو بحرانوں سے نکالا جاسکے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں ترجمان اپوزیشن اتحاد نے کہا کہ وزیر اطلاعات کو حکومت اور اپوزیشن (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ، سینیٹر اسحاق ڈار ڈی چوک پر جموں و کشمیر یوم سیاہ کی ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

عالمی برادری کی ذمہ داری جموں و کشمیر تنازع کے حل کیلئے کردار ادا کرے، صدر و وزیراعظم

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یوم سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کیا، کشمیری مرد و خواتین اور بچوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا عالمی برادری جموں و کشمیر تنازع کے حل کیلئے کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن کشمیریوں کی جدوجہد کے حوالے سے ہماری بھرپور تائید کا اعادہ ہے، کشمیری تنازعات، پابندیوں اور بنیادی حقوق سے محرومی کا سامنا کر رہے ہیں، پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر جموں و کشمیر کی تاریخ کے المناک باب کی یاد دلاتا ہے، 79 برس گزرنے کے باوجود کشمیری عوام حق خودارادیت سے محروم ہیں۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ کشمیری عوام کی جرات اور ثابت قدمی ان کی جدوجہد کا روشن ثبوت ہے، مسئلہ کشمیر کا حل سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے، مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضہ قابل مذمت، کشمیریوں کو حق خودارادیت دیا جائے، بلاول

کشمیری عوام کی عزتِ نفس اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے بنیادی حق کو تسلیم کیا جانا چاہیے، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی

تقریباً آٹھ دہائیاں گزرنے کے باوجود کشمیری عوام اپنے حقِ خودارادیت سے محروم ہیں، انہیں اس بنیادی حق سے محروم رکھنا عالمی ضمیر اور انصاف کے دعوں پر مسلسل سوال ہے، یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم سیاہ کشمیر پر مقبوضہ کشمیر پر بھارت کے قبضے کی مذمت کرتے ہوئے کشمیری عوام کو حقِ خودارادیت دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ تقریباً آٹھ دہائیاں گزرنے کے باوجود کشمیری عوام اپنے حقِ خودارادیت سے محروم ہیں، انہیں اس بنیادی حق سے محروم رکھنا عالمی ضمیر اور انصاف کے دعوں پر مسلسل سوال ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)



اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے کویت نیول فورس کے کمانڈر، ریئر ایڈمرل سیف البھلان ملاقات کر رہے ہیں

یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کوئٹہ میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں ریلی

کوئٹہ (جی این ایم) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ان کی حق خودارادیت کی جدوجہد کی حمایت کے لیے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

غربت کے خاتمے اور ترقیاتی تعاون پر چین، جنوبی ایشیا فورم 30 اکتوبر کو منعقد ہوگا

اسلام آباد (جی این ایم) چین اور جنوبی ایشیا کے درمیان غربت کے خاتمے، جامع ترقی اور علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے لیے 2026 چائنا ساتھ ایشیا فورم آن پاورٹی ریڈکشن (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

مقررہ بحری راستے سے ہٹنے والے جہاز کو سنگین نقصان ہوسکتا ہے، ایران کی سخت وارننگ

پاسداران انقلاب خلیج فارس کے ساحلی علاقوں، جزائر اور آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے، آرمی چیف علی عبداللہی

تہران (جی این ایم) ایران کی مسلح افواج کے چیف آف اسٹاف میجر جنرل علی عبداللہی نے خبردار کیا ہے کہ جنوبی سمندری حدود میں ایرانی سیکورٹی ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی جہاز کو سنگین نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق جنرل علی عبداللہی نے پیر کو بحیرہ عمان کے ساحلی علاقے کے دورے کے دوران یہ بیان دیا۔ انہوں نے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

کوئٹہ سے کراچی جانے والی مزید 2 مسافر کوچز ڈرائیوروں سمیت یرغمال

مسافروں کو کھلے میدان میں چھوڑ دیا گیا، ٹرانسپورٹرز کا شدید احتجاج

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ سے کراچی جانے والی مزید دو مسافر کوچز کو ڈرائیوروں سمیت مسلح افراد کی جانب سے یرغمال بنائے جانے اور مسافروں کو کھلے میدان میں چھوڑ دینے کے واقعے پر ٹرانسپورٹرز نے شدید احتجاج کرتے ہوئے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

ایف آئی اے کا سعد رضوی اور انس رضوی کی اپنی تحویل میں موجودگی سے انکار

لاہور ہائیکورٹ میں بازیابی کے کیس میں وزارتِ داخلہ کی جانب سے رپورٹ جمع نہیں کروائی گئی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ میں سربراہ تحریکِ لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) حافظ سعد حسین رضوی اور ان کے بھائی حافظ انس حسین رضوی کی بازیابی سے متعلق دائر درخواست پر بار بار احکامات کے باوجود وزارتِ داخلہ اپنی جامع رپورٹ پیش کرنے میں مکمل ناکام رہی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جج جسٹس جواد ظفر کی جانب سے تحریکِ لبیک پاکستان کے سربراہ کی (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

بجلی بلوں میں 200 یونٹ کی شرط ختم کرنے پر کام کر رہے ہیں، اویس لغاری

صاحبِ حیثیت افراد سولر سسٹم لگا کر اپنے بجلی کے یونٹ 200 سے کم کر لیتے ہیں اور رعایت سے فائدہ اٹھاتے ہیں

غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والوں کو ریلیف دینے کے لیے منصوبے پر کام جاری ہے، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری کا کہنا ہے کہ حکومت بجلی صارفین کو ریلیف دینے کے موجودہ نظام میں تبدیلی پر کام کر رہی ہے، جس کے تحت 200 یونٹ کی حد کے بجائے غربت کی بنیاد پر ریلیف دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سینیٹ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

وفاقی وزیر تجارت کا دوحہ میں اہم ملاقاتوں کا سلسلہ جاری

دوحہ (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے لیے دوحہ میں متعدد اعلیٰ سطحی ملاقاتیں (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

نائب وزیراعظم کی تقرری رولز آف بزنس 1973 کے تحت کی گئی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ نائب وزیراعظم کی تقرری رولز آف بزنس 1973 کے تحت کی گئی ہے، موجودہ حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



اسلام آباد، وفاقی وزیر سینیٹر محمد اورنگزیب قومی ایگزیکٹو کمیٹی کے 19 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار، ایل پی جی، مرغی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ

ایل پی جی 600 اور مرغی کا گوشت 850 روپے کلو تک پہنچ گیا، نوٹس لینے کا مطالبہ

خضدار (جی این ایم) آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ و دیگر عہدیداروں نے خضدار میں بے تحاشا مہنگائی، ایل پی جی گیس، مرغی اور دیگر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر بے حد تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خضدار میں مہنگائی کا طوفان ہے انہوں نے کہا کہ خضدار میں ایل پی جی گیس 550 سے 600 روپے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

خضدار، تحصیل باغبانہ میں نامعلوم افراد نے دھماکہ خیز مواد سے پل تباہ کر دیا

دھماکے کے باعث آمدورفت شدید متاثر، مسافروں اور ڈرائیوروں کو احتیاط سے سفر کرنے کی ہدایت

خضدار (جی این ایم) ضلع خضدار کی تحصیل باغبانہ میں نامعلوم تخریب کاروں نے قومی شاہراہ پر واقع ایک پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا، جس کے نتیجے میں پل کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر تحصیل باغبانہ کے حدود میں واقع ایک پل پر بارودی مواد نصب کر رکھا تھا، جو زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ دھماکے کے باعث پل کا ایک بڑا حصہ تباہ ہوگیا اور علاقے میں نقل و حمل کا سلسلہ متاثر ہوا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

معلومات کے تبادلے کیلئے چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال مکمل ہونے پر تقریبات کا سلسلہ جاری ہے، اسی سلسلے میں اسلام آباد میں چین (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

گوادر میں 500 سے زائد نایاب ڈولفنز کے گروپ کا مشاہدہ

گوادر (جی این ایم) گوادر کے ساحلی پانیوں میں 500 سے زائد نایاب ڈولفنز ٹروپس آف ڈینس کے ایک بہت بڑے گروپ (باقی صفحہ 2 نمبر 25)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق سٹیئرنگ کمیٹی کے 52 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وکلا نظامِ انصاف پر عوامی اعتماد مضبوط بنانے میں کردار ادا کریں، چیف جسٹس

وکلاء کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کیلئے مسلسل قانونی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تاہم وکلاء پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے کے لیے مسلسل علم حاصل کریں

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 51 وکلاء پر مشتمل وفد نے چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ میں ملاقات کی

اسلام آباد (جی این ایم) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے 51 وکلاء پر مشتمل وفد کی چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ میں ملاقات کی، جس میں وفد فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کے مسلسل قانونی تعلیم کے تربیتی پروگرام میں شریک ہوئے۔ بلوچستان بار کونسل کی جانب سے صوبے کی مختلف بار ایسوسی ایشنز سے 51 وکلاء کو تربیتی پروگرام کے لیے نامزد کیا گیا ہے، وفد میں کوئٹہ، تربت، خضدار، پشین، ژوب، چمن، قلات، سبی اور بلوچستان کے دیگر اضلاع کے وکلاء شامل تھے۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے بلوچستان کے وکلاء کا خیر مقدم کیا اور پیشہ ورانہ تربیت کے لیے فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ وکلاء کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کے لیے مسلسل قانونی تعلیم بنیادی اہمیت رکھتی ہے، تاہم وکلاء (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

بولان، شوہر نے بیوی اور 3 کمسن بچوں کو قتل کر دیا

ملزم فائرنگ کے بعد فرار، پولیس نے لاشیں ہسپتال منتقل کرکے گرفتاری کے لیے چھاپے مارنا شروع کر دیے

بولان (جی این ایم) ضلع کچھی بولان کے علاقے بالانائی کے گاؤں حاجی تاج میں افسوسناک اور دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک شخص نے اندھا دھند فائرنگ کر کے اپنی بیوی اور تین معصوم بچوں کو قتل کر دیا پولیس حکام کے مطابق ملزم شبیر احمد لاشاری نے گھر کے اندر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں اس کی بیوی مسماۃ (ن) اور تین کم سن بچے ضمیر نفیسہ اور علیزہ موقع پر ہی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

سردیوں میں صارفین کو روزانہ صرف 8 گھنٹے گیس ملنے کا امکان

گیس کی طلب اور رسد میں فرق کے باعث گھریلو صارفین کو گیس لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) سردیوں میں گیس کی طلب اور رسد میں فرق کے باعث گھریلو صارفین کو گیس لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، مجوزہ شیڈول کے تحت صارفین کو 24 گھنٹوں میں صرف 8 گھنٹے گیس فراہم کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق وزارت پٹرولیم نے سردیوں میں گیس کی فراہمی سے متعلق ہوم ورک مکمل کرلیا ہے، جس کے بعد جلد وزیراعظم کو اس حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، نور محمد خان دمڑ

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، وزیر خوراک

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب 1947ء میں بھارتی افواج سری نگر (باقی صفحہ 2 نمبر 16)



دوحہ، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان قطر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے چیئرمین سے ملاقات کر رہے ہیں

نئے صوبوں کا معاملہ انتہائی سنجیدہ اور پاکستان کے مستقبل سے جڑا ہے، رانا ثناء اللہ

صوبوں کے معاملے پر کسی قسم کی بارگیننگ ملک کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ انتہائی سنجیدہ اور پاکستان کے مستقبل سے جڑا ہوا ہے اس لئے اس پر پارلیمنٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 18)



مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے لیے ناگزیر ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہے، عالمی برادری مقبوضہ (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ایڈووکیٹ محب اللہ کاکڑ ایسوسی ایٹس کیلئے بڑا اعزاز، سپریم کورٹ آف ایڈووکیٹس میں شمولیت

ایڈووکیٹ سید اقبال شاہ کی معاونت اور رہنمائی اہم کامیابی کا ذریعہ بنی، اظہار تشکر

قانونی سفر میں اہم سنگ میل، سپریم کورٹ میں بطور ایڈووکیٹ شمولیت کا اعزاز

اسلام آباد (رپورٹ، عبدالکریم) ایڈووکیٹ محب اللہ کاکڑ ایسوسی ایٹس کیلئے یہ ایک قابل فخر اور اعزاز کا لمحہ ہے کہ سپریم کورٹ آف پاکستان کے معزز رول آف ایڈووکیٹس میں نام درج کرانے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ اس اہم کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ایڈووکیٹ محب اللہ کاکڑ نے اس کامیابی کو اپنے لیے باعثِ فخر قرار دیا اور اس سلسلے میں سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ سید اقبال شاہ کی انتھک معاونت، رہنمائی اور تعاون کو خصوصی طور پر سراہا، جن کی کاوشوں نے اس اہم سنگِ میل کے حصول میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اس یادگار موقع پر سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ایڈووکیٹ سید اقبال شاہ اور معزز رجسٹرار سپریم کورٹ سہیل محمد لغاری کی موجودگی کو بھی اپنے لیے باعثِ اعزاز قرار دیا گیا۔ انہوں نے اپنی اس کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اپنے اہلِ خانہ، اساتذہ، سینئرز اور دوست احباب کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، جن کی دعاؤں، رہنمائی اور مسلسل تعاون نے ان کے قانونی سفر میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں پوری دیانت داری، محنت اور لگن کیساتھ ادا کرتے ہوئے قانون کی بالادستی اور انصاف کی فراہمی کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

☆☆☆



بھارتی تسلط ناقابل قبول، پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے یوم سیاہ منایا

بھارتی مظالم کے خلاف جلسوں، احتجاجی ریلیوں اور مختلف تقاریب کا انعقاد، عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے حل اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو حق خودارادیت دینے کا مطالبہ

عالمی برادری مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل کیلئے کردار ادا کرے، یوم سیاہ کشمیر پر پاکستان کا مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی

قومی اسمبلی اجلاس، کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف مذمتی قرارداد اور متعدد بلوں کی منظوری

کراچی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بارے توجہ دلاؤ نوٹس کا معاملہ توانائی کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) قومی اسمبلی نے 27 اکتوبر یوم سیاہ پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کی قرارداد منظور کرلی جبکہ کراچی میں کے الیکٹرک کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، اور شرح سود کے خاتمے سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹسز کے علاوہ متعدد اہم بلوں کی منظوری بھی دیدی گئی۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی سپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے آغاز پر چیئرمین کشمیر کمیٹی قاسم نون نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف اور کشمیری عوام سے یکجہتی کے متعلق قرارداد مشترکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 24)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق سٹیئرنگ کمیٹی کے 52 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: چیئرمین پاکستان علماء کونسل و آرڈیننس قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی علماء و مشائخ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

قیمت 15 روپے

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔

رابطہ نمبر: 03136823946/03327865820

dailyzebaepakistan.pk@gmail.com

dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

جامعہ گوادر میں بریسٹ کینسر آگاہی سیمینار

جامعہ گوادر کے زیرِ اہتمام انڈس ہسپتال گوادر اور پنک ربن پاکستان کے اشتراک سے بریسٹ کینسر سے آگاہی اور جینیٹکس کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد ہوا، جس کا مقصد خواتین میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور خطرات کی بروقت شناخت و ابتدائی تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ماہرینِ صحت نے بریسٹ کینسر کی علامات، جینیاتی عوامل، احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی معائنے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ بیماری کی ابتدائی مرحلے میں تشخیص مؤثر علاج اور بہتر صحت کے نتائج کے لیے نہایت اہم ہے۔ سیمینار کی کلیدی مقرر ڈاکٹر شازیہ، گائنا کالوجسٹ، انڈس ہسپتال گوادر نے بریسٹ کینسر سے متعلق آگاہی اور خواتین کی صحت کے حوالے سے گفتگو کی۔ پینل ڈسکشن میں ڈاکٹر یاسر طاہر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر، مس شلی انور، جینیٹک کونسلر و لیکچرر کیمسٹری ڈپارٹمنٹ جامعہ گوادر، اور ڈاکٹر رفعت وہاب، شعبہ سرجری، انڈس ہسپتال نے شرکت کی۔ پینل کی نظامت مس سنگین ولید، لیکچرر کیمسٹری ڈپارٹمنٹ جامعہ گوادر نے انجام دی۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر جان محمد، ڈین فیکلٹی آف سائنس اینڈ انجینئرنگ، ڈاکٹر محب اللہ، انڈس ہسپتال کے ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر ناصر شیخ، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم مہر، جامعہ گوادر کے اساتذہ، انتظامی افسران اور دیگر شرکا نے شرکت کی۔

بلوچستان میں ڈیجیٹلائزیشن، زمینی حقائق سے دور ایک انتظامی تجربہ



چراغِ راہ
عبدالغنی شہزاد
تحریر: حافظ عبدالغنی شہزاد

بلوچستان میں ڈیجیٹلائزیشن اور گڈ گورننس کے نام پر سرکاری امور کو جدید نظام پر منتقل کرنے کے حوالے سے وزیرِ اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیرِ صدارت منعقدہ اجلاس میں 28 سرکاری محکموں میں ای فائلنگ کے ذریعے ایک لاکھ 83 ہزار سے زائد فائلیں نمٹانے اور ابتدائی مرحلے میں 10 محکموں کی سمریز کو ڈیجیٹلائز کرنے کے آغاز کو اہم انتظامی پیش رفت کے طور پر پیش کی گئی ہے، لیکن اس اعلان کے ساتھ کئی ایسے بنیادی سوالات بھی جنم لیتے ہیں جن کے جوابات دیے بغیر اس منصوبے کو گڈ گورننس کی کامیابی قرار دینا قبل از وقت ہوگا۔ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وقت کی ضرورت ہے، سرکاری امور میں شفافیت، رفتار اور جواب دہی بھی ناگزیر ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا بلوچستان کے زمینی حقائق، عوام کو درپیش بنیادی مسائل، بجلی کی غیر یقینی فراہمی، گیس کی قلت، انٹرنیٹ کی بندش اور سرکاری دفاتر کی انتظامی مشکلات کو سامنے رکھ کر اس منصوبے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے؟ بلوچستان ایک ایسا صوبہ ہے جہاں آج بھی شہریوں کو بجلی کی طویل بندش، گیس کی عدم دستیابی، پانی کی قلت، بے روزگاری، مہنگائی اور بنیادی سہولیات کے فقدان جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ ایسے حالات میں حکومت کا ڈیجیٹل نظام کی جانب بڑھنا اپنی جگہ قابلِ بحث نہیں، لیکن یہ جاننا ضروری ہے کہ جس صوبے کے متعدد علاقوں میں بجلی اور انٹرنیٹ کی دستیابی خود ایک مسئلہ ہے، وہاں ڈیجیٹلائزیشن کے تسلسل کو کس طرح یقینی بنایا جائے گا؟ کوئٹہ جیسے صوبائی دارالحکومت میں بھی جب انٹرنیٹ سروس متاثر ہوتی ہے یا بندش کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو سرکاری امور کی انجام دہی کس طرح جاری رہے گی؟ اگر کوئی اہم سمری فوری منظوری کی متقاضی ہو، کوئی مالی معاملہ زیرِ غور ہو یا عوامی مفاد سے متعلق فیصلہ کرنا ضروری ہو اور اسی وقت بجلی یا انٹرنیٹ دستیاب نہ ہو تو کیا پورا انتظامی نظام رک جائے گا؟ کیا حکومت نے متبادل انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی، بجلی کے متبادل انتظامات، محفوظ سرورز اور ہنگامی حالات میں کام جاری رکھنے کا کوئی مؤثر منصوبہ تیار کیا ہے؟ اگر ایسا نظام موجود ہے تو اس کی تفصیلات عوام کے سامنے آنی چاہییں، اور اگر نہیں تو ڈیجیٹلائزیشن کے وسیع منصوبے کو عملی طور پر نافذ کرنے سے پہلے ان بنیادی مسائل کا حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ اس بحث کا دوسرا اور زیادہ اہم پہلو سرکاری افسران کی ذمہ داری اور جواب دہی ہے۔ فرض کیجیے کہ ایک سمری ڈیجیٹل نظام کے ذریعے کسی افسر کے کمپیوٹر پر پہنچ جاتی ہے، لیکن متعلقہ افسر اسے دیکھنے، آگے بھیجنے یا اس پر فیصلہ کرنے میں تاخیر کرتا ہے، تو کیا محض فائل کو کمپیوٹر پر منتقل کر دینے سے عوام کو انصاف مل جائے گا؟ اگر افسر کاغذی فائل پر دستخط نہیں کرتا تھا تو کیا اب کمپیوٹر پر بیٹھ کر بھی فائل روکنے کا اختیار اسی کے پاس نہیں ہوگا؟ اگر کوئی افسر جان بوجھ کر سمری کئی دن تک اپنے پاس رکھے، اعتراضات کے نام پر کارروائی مؤخر کرے یا کسی جائز معاملے پر فیصلہ کرنے سے گریز کرے تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوگی؟ کیا ڈیجیٹل نظام میں ایسی خودکار نگرانی موجود ہوگی جو واضح کرے کہ فائل کس افسر کے پاس کب پہنچی، اس نے کتنے دن اسے اپنے پاس رکھا اور مقررہ مدت میں کارروائی کیوں نہیں کی؟ کیا تاخیر کرنے والے افسر کے خلاف قواعد کے مطابق جواب طلبی، محکمانہ کارروائی یا دیگر مناسب اقدام کی کوئی واضح پالیسی ہوگی؟ اگر ان سوالات کے جواب موجود نہیں تو پھر کاغذی فائل اور ڈیجیٹل فائل میں فرق صرف اتنا ہوگا کہ پہلے فائل میز پر رکی رہتی تھی اور اب کمپیوٹر کی اسکرین پر رکی رہے گی۔ گڈ گورننس کا مطلب صرف جدید سافٹ ویئر متعارف کرانا نہیں، بلکہ یہ یقینی بنانا ہے کہ سرکاری اختیار رکھنے والا ہر شخص اپنے فرائض مقررہ وقت میں انجام دے اور بلاجواز تاخیر پر اس سے جواب طلب کیا جا سکے۔ ڈیجیٹلائزیشن کی کامیابی اسی وقت ثابت ہوگی جب فائل کی نقل و حرکت کے ساتھ افسر کی کارکردگی بھی قابلِ پیمائش اور قابلِ احتساب بنائی جائے۔ اس منصوبے کے حوالے سے تیسرا اہم سوال ڈیٹا کی حفاظت اور سرکاری ریکارڈ کی ملکیت کا ہے۔ سرکاری سمریز میں مالی منظوریوں، تقرریوں، ترقیاتی منصوبوں، انتظامی احکامات، پالیسی معاملات اور حساس سرکاری معلومات کا اندراج ہوتا ہے۔ اگر یہ تمام معلومات ڈیجیٹل نظام میں محفوظ ہوں گی تو ان کی حفاظت کی ذمہ داری کس ادارے کے پاس ہوگی؟ سرورز کہاں نصب ہوں گے، ڈیٹا کا بیک اپ کہاں محفوظ کیا جائے گا، کن افسران کو کس نوعیت کی معلومات تک رسائی حاصل ہوگی اور غیر مجاز رسائی کو روکنے کے لیے کیا انتظامات کیے جائیں گے؟ اگر کسی سائبر حملے، تکنیکی خرابی، انسانی غلطی یا کسی دوسرے سبب سے سرکاری ڈیٹا ضائع یا تبدیل ہو جائے تو اس کی بحالی کس طرح ممکن ہوگی؟ اگر کسی اہم سمری کا ریکارڈ غائب ہو جائے، کسی منظوری کی تفصیل دستیاب نہ رہے یا ڈیجیٹل ریکارڈ میں ایسی تبدیلی سامنے آئے جس کی اجازت نہ دی گئی ہو تو اس کی تحقیقات کون کرے گا اور ذمہ دار کا تعین کیسے ہوگا؟ کیا حکومت نے ڈیٹا کی بازیابی، محفوظ بیک اپ، سائبر سکیورٹی آڈٹ اور ہنگامی حالات میں نظام بحال کرنے کے لیے باقاعدہ طریق کار مقرر کیا ہے؟ یہ محض تکنیکی سوالات نہیں بلکہ صوبائی انتظامیہ، مالی شفافیت اور عوامی اعتماد سے متعلق بنیادی معاملات ہیں۔ ڈیجیٹل نظام میں ریکارڈ محفوظ رکھنے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے، لیکن یہ صلاحیت خود بخود یقینی نہیں بن جاتی؛ اس کے لیے مناسب سکیورٹی، مسلسل نگرانی، تربیت یافتہ عملہ اور باقاعدہ آزادانہ آڈٹ ضروری ہیں۔ ایک اور اہم پہلو منصوبے کی مالی لاگت ہے۔ حکومت کی جانب سے ڈیجیٹلائزیشن کے آغاز اور اس کے فوائد کا ذکر کیا جا رہا ہے، لیکن عوام کو یہ جاننے کا بھی حق ہے کہ اس منصوبے پر مجموعی طور پر کتنی رقم خرچ ہوگی، کتنی رقم پہلے ہی خرچ کی جا چکی ہے اور مستقبل میں سافٹ ویئر، کمپیوٹرز، سرورز، نیٹ ورک، لائسنس، تکنیکی معاونت، تربیت اور سکیورٹی پر سالانہ کتنے اخراجات آئیں گے۔ کیا موجودہ ای فائلنگ نظام کو ہی بہتر بنایا جا رہا ہے یا کسی نئے نظام کی خریداری کی گئی ہے؟ اگر کسی نجی کمپنی کو یہ کام دیا گیا ہے تو معاہدے کی شرائط کیا ہیں، انتخاب کا طریق؟ کار کیا تھا اور حکومت کے پاس اس نظام کی دیکھ بھال اور مستقبل میں اسے کسی دوسرے نظام سے منسلک کرنے کا کتنا اختیار ہوگا؟ اگر سافٹ ویئر کی معمولی تبدیلی یا تکنیکی خرابی دور کرنے کے لیے بھی ہر مرتبہ بھاری رقم ادا کرنا پڑے تو کیا یہ منصوبہ مستقبل میں مستقل مالی بوجھ نہیں بن جائے گا؟ یہ بھی واضح ہونا چاہیے کہ منصوبے کی مجموعی لاگت کے مقابلے میں کتنی حقیقی بچت متوقع ہے اور اس بچت کو کس بنیاد پر شمار کیا جائے گا۔ یہ کہنا کافی نہیں کہ کاغذ کم استعمال ہوگا یا فائل جلد منتقل ہوگی؛ حکومت کو یہ بھی بتانا چاہیے کہ اس نظام کے نتیجے میں سرکاری اخراجات میں کتنی کمی آئے گی، فیصلوں میں کتنی تیزی آئے گی اور عوامی خدمات کی فراہمی میں کیا قابلِ پیمائش بہتری پیدا ہوگی۔ اگر منصوبے کی لاگت، معاہدوں اور کارکردگی کے اعداد و شمار شفاف انداز میں سامنے رکھے جائیں تو عوام بھی اس کے فوائد اور اخراجات کا بہتر جائزہ لے سکیں گے۔ ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے ایک اور بنیادی سوال سرکاری ملازمین کی تربیت اور استعدادِ کار کا ہے۔ ہر افسر اور ملازم کمپیوٹر کے استعمال، ڈیجیٹل دستخط، ڈیٹا مینجمنٹ اور سائبر سکیورٹی کے تقاضوں سے یکساں طور پر واقف نہیں ہوتا۔ اگر ملازمین کو مناسب تربیت دیے بغیر اچانک نئے نظام کا پابند بنا دیا جائے تو غلطیوں، تاخیر اور تکنیکی مشکلات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ ہر محکمے میں تربیت یافتہ تکنیکی عملہ، مؤثر ہیلپ ڈیسک، واضح رہنما اصول اور شکایات کے فوری ازالے کا نظام موجود ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ دور دراز اضلاع کے دفاتر کو بھی مناسب انٹرنیٹ، بجلی کے متبادل انتظامات اور ضروری آلات فراہم کرنا ہوں گے، ورنہ ڈیجیٹلائزیشن کا فائدہ صرف صوبائی سیکریٹریٹ یا بڑے شہری دفاتر تک محدود رہ جائے گا۔ حکومت کو یہ بھی واضح کرنا چاہیے کہ آیا موجودہ نظام تمام متعلقہ محکموں کے ساتھ مربوط ہوگا یا ہر محکمہ الگ سافٹ ویئر اور الگ ریکارڈ کے ذریعے کام کرے گا؛ کیونکہ غیر مربوط نظام معلومات کی تکرار، غلطیوں اور اضافی اخراجات کا سبب بن سکتا ہے۔ اسی طرح یہ سوال بھی اہم ہے کہ ڈیجیٹلائزیشن کے باوجود قانونی طور پر مطلوبہ ریکارڈ، اصل دستاویزات اور ضروری دستخطوں کی حیثیت کیا ہوگی اور کسی تکنیکی خرابی کی صورت میں سرکاری امور کو جاری رکھنے کے لیے متبادل طریق؟ کار کیا ہوگا۔ حکومت کی جانب سے 28 محکموں میں ایک لاکھ 83 ہزار سے زائد فائلیں نمٹانے کا اعلان اپنی جگہ، لیکن اس تعداد کو کامیابی کا مکمل پیمانہ نہیں سمجھا جا سکتا۔ عوام کو یہ جاننے کا حق ہے کہ ان فائلوں میں کتنی فائلیں مکمل طور پر ڈیجیٹل طریقے سے نمٹائی گئیں، پہلے ان کی منظوری میں اوسطاً کتنا وقت لگتا تھا اور اب کتنا وقت لگ رہا ہے، کتنی سمریز مقررہ مدت سے زیادہ زیرِ التوا ہیں، کتنے معاملات میں تکنیکی مسائل پیش آئے اور کتنی شکایات کا ازالہ کیا گیا۔ اگر پہلے کسی فائل کو نمٹانے میں دس دن لگتے تھے اور اب بھی اتنا ہی وقت لگ رہا ہے تو صرف نظام کی تبدیلی سے عملی کامیابی ثابت نہیں ہوتی۔ اس کے برعکس اگر تاخیر میں نمایاں کمی آتی ہے، اخراجات کم ہوتے ہیں، ریکارڈ محفوظ رہتا ہے اور عوام کو خدمات جلد ملتی ہیں تو یہ قابلِ پیمائش بہتری ہوگی۔ اس لیے حکومت کو چاہیے کہ ہر چھ ماہ بعد ڈیجیٹلائزیشن کی پیش رفت، اخراجات، بچت، اوسط فیصلہ جاتی وقت، زیرِ التوا فائلوں اور تکنیکی مسائل کی تفصیلات پر مشتمل رپورٹ جاری کرے اور جہاں ممکن ہو، ان نتائج کا آزادانہ آڈٹ بھی کرایا جائے۔ یہاں یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ ڈیجیٹلائزیشن کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور نہ ہی جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ اٹھانے کی مخالفت دانش مندی ہوگی؛ اصل مسئلہ ترجیحات، منصوبہ بندی، شفافیت اور عملی نفاذ کا ہے۔ بلوچستان کو جدید انتظامی نظام کی ضرورت ہے، لیکن اس کے ساتھ بجلی، گیس، انٹرنیٹ، تعلیم، صحت، روزگار اور بنیادی شہری سہولیات کے مسائل بھی حکومت کی توجہ کے مستحق ہیں۔ ڈیجیٹلائزیشن کو ان بنیادی ضروریات کا متبادل نہیں بنایا جا سکتا، بلکہ اسے ان کے حل اور بہتر حکومتی کارکردگی میں معاون بنانا چاہیے۔ وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور متعلقہ حکام سے یہ توقع کی جانی چاہیے کہ وہ اس منصوبے کے حوالے سے اٹھنے والے سوالات کو تنقید برائے تنقید سمجھنے کے بجائے شفافیت اور بہتری کا موقع تصور کریں، منصوبے کی لاگت اور معاہدوں کی تفصیلات سامنے لائیں، ڈیٹا کے تحفظ کے لیے مؤثر انتظامات یقینی بنائیں، بجلی اور انٹرنیٹ کی بندش کے متبادل انتظامات کریں اور افسران کی جواب دہی کے لیے واضح قواعد متعارف کرائیں۔ آخر میں بنیادی سوال وہی ہے کہ اگر ایک فائل کمپیوٹر پر پہنچنے کے باوجود افسر کے پاس رکی رہتی ہے تو اس ڈیجیٹل نظام سے عوام کو کیا فائدہ ہوگا؟ اگر انٹرنیٹ بند ہونے پر کام رک جاتا ہے تو متبادل کیا ہوگا؟ اگر ڈیٹا ضائع یا تبدیل ہو جاتا ہے تو ذمہ دار کون ہوگا؟ اگر منصوبے پر کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں تو اس کے بدلے عوام کو کیا قابلِ تصدیق فائدہ ملے گا؟ ان سوالات کے واضح جوابات ہی اس منصوبے کی حقیقی کامیابی کا معیار ہوں گے۔ کیونکہ اچھی حکمرانی کا مطلب صرف سرکاری فائلوں کو کاغذ سے کمپیوٹر تک پہنچانا نہیں، بلکہ سرکاری نظام کو عوام کے لیے آسان، تیز رفتار، شفاف اور جواب دہ بنانا ہے۔ بلوچستان کے عوام کو جدید ٹیکنالوجی کے اعلانات کے ساتھ عملی نتائج بھی درکار ہیں؛ ایسے نتائج جو ان کے مسائل کم کریں، سرکاری وسائل کی حفاظت کریں اور ہر سرکاری افسر کو اپنے فرائض کی ادائیگی کا پابند بنائیں۔

☆☆☆☆

یوم یکجہتی کشمیر

از قلم /// غلام رسول بلوچ

پورے ملک میں 27 اکتوبر یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا گیا۔
بابائے قوم قائد اعظم محمد علی جناح رح نے کشمیر ہو پاکستان کی شہہ رگ قرار دیا تھا اور کوء بھی پاکستانی اپنی شہہ رگ کو دشمن کے ہاتھوں کیسے یرغمال رکھ سکتا ہے۔
مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جبر و ظلم جاری ہے۔ مقبوضہ کشمیر پر غاصبانہ بھارتی قبضے نے مقبوضہ کشمیر کو عملاً جیل میں تبدیل کر کے رکھ دیا ہے۔
کشمیر ایک سلگتا ہوا ایشو ہے جس کا حل ہونا بہت ضروری ہے۔ اگر عالمی برادری اور اقوام متحدہ کشمیر کے حوالے سے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کرتی تو خطے میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔
خطے اور علاقائی امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل ضروری ہے۔
کشمیر کے عوام ایک طویل عرصے سے بھارتی جبر اور ظلم کو برداشت کر رہے ہیں۔ کشمیری نوجوانوں کو لاپتہ کرنا؟ بیلٹ گنوں کے ذریعے ان کی آنکھوں کو ضائع کرنا؟ خواتین کی عصمت دریوں جیسے واقعات روزمرہ کے معمول بن گئے ہیں ماورائے عدالت قتل عام اور جعلی انکاؤنٹر کر کے کشمیریوں کی جدو جہد آزادی کو ختم نہیں کیا جا سکتا۔
کشمیر کا مسئلہ ایک اہم مسئلہ ہے پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی ؟ سفارتی ؟ سیاسی اور خودمختاری کی حمایت جاری رکھے گا اور کشمیر پہ اپنے موقف سے کبھی بھی دستبردار نہیں ہو گا۔
پاکستان کشمیریوں کو کبھی بھی مشکل حالات میں تنہا نہیں چھوڑے گا۔
پاکستانی قوم کشمیریوں کے ساتھ ہر مشکل حالات میں کھڑی ہوگی۔
بھارت کشمیر میں آبادی کا تناسب تبدیل کر کے کشمیری مسلمانوں کو اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں کر رہا ہے لیکن مظلوم کشمیریوں کی جدو جہد بھارتی ظلم کے خلاف جاری رہے گی۔ اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی وہ قراردادیں کس میں کشمیریوں کو اپنا فیصلہ کرنے کا حق دیا گیا ہے لیکن بھارتی ہٹ دھرمی کی وجہ سے کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا۔ پاکستان کشمیری بھائیوں کی ہر طرح سے مدد جاری رکھے گا۔ جب تک مسئلہ کشمیر کا کوء مستقل اور پائیدار حل نہیں نکلتا تب تک پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات معمول پر نہیں آسکتے۔
کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے پوری پاکستانی قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے اور کشمیر بنے گا پاکستان کے عزم سے بلند حوصلوں کے ساتھ اپنے کشمیری بھائیوں کے خلاف بھارت کے ہر ظلم و ستم اور جبر کی بھرپور مذمت کرتی ہے۔
کشمیر پر بھارتی جبری قبضے کو پاکستان کبھی بھی برداشت نہیں کرے گا۔
اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ کشمیریوں کی جائز جہدو جہد جلد آپنی منزل مقصود کو پہنچے آمین

☆☆☆☆

01

زہری نے 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب بھارتی افواج نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں داخل ہو کر کشمیری عوام کی آزادی سلب کرنے کی کوشش کی یہ دن کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم اور ان کی جدوجہدِ آزادی کی یاد دلاتا ہے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی مظالم، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور ریاستی جبر کا سامنا کر رہے ہیں، لیکن ان کے حوصلے اور آزادی کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکا کشمیری عوام کی قربانیاں ان کی جدوجہد اور حق خودارادیت سے وابستگی کا واضح ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا 27 اکتوبر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رہے گی اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

02

کے باوجود غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی جاری ہے، اسرائیلی فوج جان بوجھ کر فلسطینی شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 7 اکتوبر 2023 کے بعد مقبوضہ مغربی کنارے کی صورتحال انتہائی سنگین ہوئی، 2008 سے اکتوبر 2023 تک مقبوضہ مغربی کنارے میں فضائی حملوں سے صرف 6 فلسطینی شہید ہوئے، اکتوبر 2023 سے ستمبر 2026 تک اسرائیلی فضائی حملوں میں 254 فلسطینی شہید ہوئے۔ اقوام متحدہ کے مطابق اسرائیلی فوج فلسطینیوں کو قومیت، نسل، جنس اور عمر کی بنیاد پر نشانہ بنا رہی ہے، اسرائیلی فوج اور یہودی آبادکار فلسطینیوں کے خلاف حملے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کر رہے ہیں۔ یو این رپورٹ میں واضح کیا گیا کہ فلسطینیوں کو بے گھر کرنے کیلئے جنسی تشدد کو بھی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا گیا، غزہ اور مقبوضہ مغربی کنارے میں فلسطینی بچوں کو جان بوجھ کر قتل کیا جا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق اسرائیل فلسطینیوں کو بے گھر کر کے ان کی زمینوں پر قبضہ جمانا چاہتا ہے، اگست 2026 تک 34 ہزار 176 فلسطینی اپنے گھروں سے بے دخل تھے۔

03

سید غلام مصطفیٰ شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا، ایم کیو ایم پاکستان کے رکن سید امین الحق نے کراچی میں جاری بدترین لوڈشیڈنگ پر ایوان میں توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک کا شمار ان کمپنیوں میں ہوتا ہے جسے عوام میں نفرت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، کے الیکٹرک ایک مافیا کے طور پر کام کر رہا ہے۔ امین الحق نے کہا کہ کے الیکٹرک اوور بلنگ کر کے اربوں روپے کما رہی ہے، اتنا کمانے کے بعد کراچی کی جنریشن کے لیے کتنا کیا ہے؟ رات کو بھی لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، کے الیکٹرک کراچی کیلئے کیا کر رہی ہے؟ پارلیمانی سیکرٹری عامر طلال خان نے توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب میں کہا کہ یہ لوڈشیڈنگ مجبوراً کرنی پڑتی ہے،

04

پاکستانی قوم کشمیری عوام کو اپنا بھائی اور کشمیر کو اپنی شہ رگ سمجھتی ہے۔ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل ہونا چاہیے تاکہ انہیں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی اور حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور معصوم شہریوں پر مظالم کی اطلاعات تشویش ناک ہیں، جبکہ کشمیری عوام کی لازوال قربانیاں ان کے عزم، حوصلے اور آزادی کے لیے غیر متزلزل جدوجہد کی گواہ ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق ملنا چاہیے اور مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے

05

پر جاری پیغام میں اسحاق ڈار نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی فوج سری نگر میں داخل ہوئی، تقریباً 8 دہائیاں گزرنے کے باوجود مسئلہ کشمیر حل طلب ہے، کشمیری عوام کو حق خودارادیت سے محروم رکھا جا رہا ہے، سلامتی کونسل کی قراردادیں مسئلہ کشمیر کے حل کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہد انصاف، امن اور حق خودارادیت کیلئے ہے، 5 اگست 2019 کے اقدامات کے بعد مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر عالمی توجہ بڑھی۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ مقبوضہ کشمیر میں سیاسی رہنماؤں کی حراست پر تشویش ہے، انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی برادری کی مسلسل توجہ ضروری ہے، کشمیری عوام کی امنگوں کو طاقت اور جبر سے دبایا نہیں جا سکتا، عالمی برادری کشمیریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لئے کردار ادا کرے۔ نائب وزیراعظم نے مزید کہا کہ مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لئے مؤثر عالمی کوششیں ناگزیر ہیں، پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور پاکستان ہر عالمی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا۔

06

مذاکرات کے بنیادی نکات تک کا علم نہیں، عطا تارڑ کو بات کرنے سے پہلے رانا ثنااللہ اور طارق فضل چوہدری سے بات کر لینا چاہیے تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن لیڈر وزیراعظم ہاؤس جانے کو تیار ہیں تاکہ پاکستان کو بحرانوں سے نکالا جا سکے۔

07

ہے کہ حوثیوں نے حرمین شریفین پر حملے کرنے کی کوشش کی، معاہدے کے تحت ہم پر بھی سعودی عرب کا دفاع لازم ہے۔ وزیر دفاع نے کہا واضح کیا گیا ہے کہ خطے میں امن کیلئے پاکستان کے اقدامات کے ثمرات مل رہے ہیں، فیلڈ مارشل اور وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان نے عالمی امن کیلئے کام کیا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ تہران اجلاس میں امریکا کے ساتھ معاملات پر بھی بات ہوئی ہوگی، ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی قیام امن کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں، لگتا ہے کہ ہم کسی نتیجے پر پہنچ گئے ہیں جس سے جنگ ختم ہو جائے گی۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ امکان بھی ہے کہ ایران کی امریکا سے جنگ کے حل سے متعلق نتائج نکل سکیں گے مگر امریکا اور اسرائیل میں انتخابات ہو رہے ہیں، سیاسی مقاصد کیلئے جنگیں نہیں ہونی چاہیے۔

08

جا رہی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کے بعد زخمی طالبات کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ کالج انتظامیہ کے مطابق تین مسلح نقاب پوش افراد کالج میں داخل ہوئے اور مبینہ طور پر سی سی ٹی وی کیمروں اور پرنسپل کے دفتر میں توڑ پھوڑ کی۔ بعد ازاں انہوں نے طالبات پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں تین طالبات زخمی ہو گئیں۔ زخمی طالبات کی شناخت مہونہ اور مریم، سکنہ قاضی آباد، جبکہ رخسانہ، سکنہ کلی مینگل کے ناموں سے ہوئی ہے۔ تینوں زخمیوں کو میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال نوشکی منتقل کیا گیا، جہاں ایک طالبہ کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ واقعے کے محرکات اور حملے میں ملوث افراد کے بارے میں تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔

09

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا۔

10

کی کارکردگی پر سخت سوالات اٹھائے ہیں۔ ٹرانسپورٹرز کے مطابق مسلح افراد دونوں کوچز کے ڈرائیوروں کو اپنے ہمراہ لے گئے، جبکہ مسافروں کو کھلے میدان میں بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا، جس سے مسافر کوچز کی سکیورٹی اور مسافروں کے تحفظ کے حوالے سے تشویش میں اضافہ ہو گیا ہے۔ معروف ٹرانسپورٹرز حبیب اللہ بادیزئی، حاجی میرا کبر لہڑی، حاجی نصر اللہ دھوار اور دیگر نے اپنے ردعمل میں کہا کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر مسافر کوچز کو پیش آنے والے ایسے واقعات نے ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کو شدید پریشانی سے دوچار کر دیا ہے۔

11

اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر محض ایک خطہ نہیں بلکہ لاکھوں انسانوں کی آزادی اور شناخت کا مسئلہ ہے، کشمیری عوام کی عزت نفس اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے بنیادی حق کو تسلیم کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یوم سیاہ کشمیر کشمیری عوام کی آزادی اور حق خودارادیت کی حمایت کے عہد کی تجدید کا دن ہے۔ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے مسئلہ کشمیر کو پاکستان کے اصولی مؤقف اور خطے میں پائیدار امن کے تناظر میں ہمیشہ اجاگر کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مسئلہ کشمیر اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر محض بیانات سے آگے بڑھیں اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کریں۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے مطالبہ کیا کہ اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل یقینی بنایا جائے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کشمیری عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کی لازوال قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی اور آزادی کے لیے ان کی تاریخی جدوجہد کامیاب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سرینگر میں آزادی کا سورج طلوع ہوگا اور یہ خطے میں پائیدار امن و استحکام کی امید بنے گا۔

12

مبینہ گمشدگی اور بازیابی کے کیس کی سماعت کی گئی، سماعت کے دوران وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے عدالت عالیہ کے سامنے اپنی رپورٹ جمع کروائی۔ لاہور ہائیکورٹ کے روبرو اپنی رپورٹ میں ایف آئی اے حکام نے موقف اختیار کیا کہ دونوں رہنماؤں کے خلاف منی لانڈرنگ کا کیس درج اور موجود ہے اور وہ ادارے کو قانونی طور پر مطلوب ہیں، تاہم ایف آئی اے نے واضح کیا کہ سعد رضوی اور انس رضوی ان کی تحویل میں موجود نہیں ہیں۔ دوسری جانب وزارت داخلہ کی طرف سے عدالت کے احکامات کے باوجود رپورٹ جمع نہ کرائے جانے پر سخت برہمی کا اظہار کیا گیا، عدالتِ عالیہ نے وزارت داخلہ کو دوبارہ باضابطہ نوٹس جاری کرتے ہوئے آئندہ ایک ہفتے کے اندر رپورٹ طلب کر لی ہے کہ دونوں رہنما اس وقت کہاں ہیں اور کس ادارے کی تحویل میں ہیں۔ بعد ازاں لاہور ہائیکورٹ نے وزارت داخلہ کو رپورٹ جمع کروانے کی تاکید کرتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 3 نومبر تک کے لئے ملتوی کر دی، گزشتہ سماعت پر بھی عدالت نے وزارت داخلہ اور ایف آئی اے سے متعلق رپورٹس طلب کی تھیں جب کہ تحریک لبیک پاکستان کے قائدین 378 روز سے لاپتہ اور مبینہ طور پر جبری گمشدگی کا شکار ہیں۔

13

، ریلی میں معاون خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سمیت ضلعی و سول افسران، معتبرین، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے جائز حقوق کی حمایت کا اعادہ کیا۔

14

کہا کہ مقررہ بحری راستے سے ہٹنے یا ایرانی ضابطوں کو نظر انداز کرنے والا کوئی بھی جہاز، وجہ خواہ کچھ بھی ہو، خود کو خطرے میں ڈالے گا اور اسے سنگین نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ایرانی فوج سربراہ نے مزید کہا کہ پاسداران انقلاب خلیج فارس کے ساحلی علاقوں، جزائر اور آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے۔ ان کے مطابق اس علاقے میں ہونے والی تمام بحری آمد و رفت کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ اور علاقائی کشیدگی کے باعث اہم بحری راستوں کی سلامتی اور تیل کی عالمی ترسیل پر توجہ بڑھ گئی ہے۔ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کے لیے ایک اہم گزرگاہ ہے۔

15

اینڈ ڈویلپمنٹ کو آپریشن 30 اکتوبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ فورم میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال بطور مہمان خصوصی جبکہ پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زی ڈونگ مہمان کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ فورم کا موضوع مشترکہ خوشحالی کے لیے ترقی کے مواقع پیدا کرنا ہے، جس کا مقصد غربت میں کمی، پائیدار ترقی اور علاقائی شراکت داری کے فروغ کے لیے باہمی مکالمے اور تجربات کے تبادلے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ فورم جمعہ 30 اکتوبر کو صبح ساڑھے 9 بجے اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں منعقد ہوگا، جس میں پالیسی سازوں، ترقیاتی شراکت داروں، ماہرین تعلیم، کاروباری رہنماؤں اور میڈیا نمائندگان کی شرکت متوقع ہے۔ تقریب کے دوران چینی اور انگریزی زبان میں بیک وقت ترجمانی کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ فورم کا مشترکہ اہتمام پی آئی سی جی سینٹر فار یورپ اینڈ ایشیا، چائنا کچرل پبلی کیشنز (انڈرسٹینڈنگ چائنا فورم پاکستان) اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو فار سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ پاکستان کر رہے ہیں۔ فورم کے دوران غربت کے خاتمے، جامع ترقی اور علاقائی تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا، جبکہ چین اور جنوبی ایشیا کے درمیان ترقیاتی تجربات کے تبادلے اور مشترکہ خوشحالی کے لیے تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا جائے گا۔ یہ فورم غربت میں کمی، ترقیاتی شراکت داری کے فروغ اور خطے میں مشترکہ خوشحالی کے لیے باہمی تعاون کے نئے مواقع پر غور کرنے کا پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔

16

میں داخل ہوئیں، جس کے بعد مقبوضہ کشمیر کے عوام کو طویل عرصے سے مشکلات، مصائب اور جدوجہد کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال 27 اکتوبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیری اور پاکستانی عوام یوم سیاہ کے طور پر مناتے ہیں، جس کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مسئلہ کشمیر کی جانب مبذول کرانا اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، حق خودارادیت دلانے کے لیے آواز بلند کرنا ہے۔

17

پیشہ ورانہ مہارت میں اضافے کے لیے مسلسل علم حاصل کریں اور اعلیٰ اخلاقی معیارات کی پاسداری کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ تربیت کے دوران حاصل کردہ علم کو مؤثر قانونی پریکٹس میں بروئے کار لایا جائے، تربیتی پروگرام کے شرکاء فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی اور پاکستان کی عدلیہ کے سفیر ہیں۔

18

کے پلیٹ فارم سے ہی آگے بڑھایا جانا چاہیے اور اس پر تمام سیاسی جماعتوں کے درمیان سیر حاصل بحث ہونی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ جب بھی کوئی نئی آئینی ترمیم آئے گی وہ اٹھارہویں ترمیم کے بعد 28 ویں ہی ہوگی۔ یہ طے کیا جانا چاہیے کہ نئی ترمیم میں کیا ہوگا، آیا اس میں صوبوں پر بات ہوگی یا کوئی اور ایشوز زیر بحث آئیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بہت سے ایشوز پر صوبوں اور وفاق کے درمیان بات چیت ہوتی رہتی ہے، لیکن صوبوں کے معاملے پر کوئی بارگیننگ نہیں کی جا سکتی کیونکہ عوام کی خواہشات کو مدنظر رکھنا لازم ہے اور اس معاملے پر کسی قسم کی بارگیننگ ملک کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے ہدایت کی ہے کہ خیبر پختونخوا کی ترقی کے لیے بھرپور کام کیا جائے اور دہشتگردی کے خلاف مسلح افواج کا ساتھ دیا جائے۔ رابطوں کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر انہوں نے کہا کہ اگر سیاسی رابطوں کو فوراً میڈیا پر نشر کر دیا جائے تو پھر ان رابطوں کی افادیت کیا رہ جائے گی؟ جب تک کوئی حتمی بات سامنے نہ آ جائے، ان چیزوں پر تبصرہ کرنا بے معنی ہے۔ امیر جماعت اسلامی کے ساتھ ہونے والی ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے بتایا کہ امیر جماعت اسلامی کی وزیراعظم سے ملاقات طے ہے اور امید ہے کہ اس سے تمام مسائل خوش اسلوبی سے حل ہوں گے، کیونکہ وہ عوام کے لیے آسانیاں چاہتے ہیں۔ ملکی معیشت اور مہنگائی کے حوالے سے انہوں نے موقف اختیار کیا کہ موجودہ مہنگائی کی بنیادی وجہ جنگ ہے، جو کہ حکومتِ پاکستان کا قصور نہیں ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت بھی یہ بھرپور کوشش کر رہی ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کا خاتمہ ہو۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ گزشتہ روز عسکری قیادت اسی سلسلے میں ایران میں موجود تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ جیسے ہی یہ جنگ ختم ہوگی، تیل اور گیس سستے ہوں گے جس سے مہنگائی میں بھی خاطر خواہ کمی آئے گی، تاہم وہ اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ مہنگائی کی وجہ سے اس وقت عوام کو کافی مشکلات کا سامنا ہے۔

19

جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال کا نوٹس لے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر کشمیری عوام کی تاریخ کا سیاہ دن ہے، اس روز بھارتی اقدامات نے کشمیری عوام کی زندگیوں پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان کی جدوجہد کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت ملنا چاہیے تاکہ وہ اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کر سکیں۔ عالمی برادری کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مسئلے کے منصفانہ حل کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارتی اقدامات کو مسترد کرتا ہے اور کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ پاکستان مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل تک کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا۔

20

جاں بحق ہو گئے واردات کے فوراً بعد ملزم موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی حاجی شہر پولیس ٹیم موقع پر پہنچ گئی ایس ایچ او حاجی شہر کے مطابق لاشوں کو تحویل میں لے کر قانونی کارروائی کے لیے سول اسپتال سبی منتقل کر دیا گیا ابتدائی ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزم شبیر احمد لاشاری کا دماغی توازن ٹھیک نہیں تھا ایس ایچ او کا کہنا ہے کہ واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں اور جلد ہی اسے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

21

سے پریزنٹیشن دی جائے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مجوزہ شیڈول کے تحت گھریلو صارفین کو ناشتے، دوپہر اور رات کے کھانے کے اوقات میں گیس فراہم کی جائے گی، جبکہ باقی اوقات میں گیس کی فراہمی متاثر ہونے کا امکان ہے۔ گیس کی فراہمی کے لیے سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (ایس این جی پی ایل) اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) اپنے اپنے علاقوں میں الگ الگ شیڈول جاری کریں گی۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق ایس این جی پی ایل اس وقت گھریلو صارفین کو یومیہ 487 ملین مکعب فٹ گیس فراہم کر رہی ہے، جبکہ سوئی سدرن کی جانب سے گھریلو صارفین کو یومیہ 286 ملین مکعب فٹ گیس فراہم کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب سردیوں میں گیس کی فراہمی محدود ہونے کے خدشات کے ساتھ ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا معاملہ بھی صارفین کے لیے تشویش کا باعث بن سکتا ہے۔ تاہم گیس فراہمی کے مجوزہ شیڈول کی حتمی منظوری اور اس پر عمل درآمد سے متعلق سرکاری اعلان تاحال سامنے نہیں آیا۔

23

کیا تھا، بھارت کے اس اقدام کیخلاف کشمیری ہر سال 27 اکتوبر کو یوم سیاہ مناتے ہیں۔ اس دن کی مناسبت سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ریڈیو پاکستان چوک سے ڈی چوک تک احتجاجی ریلی نکالی گئی جبکہ کشمیر ڈے واک کے کا انعقاد کیا گیا۔ شرکاء نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور آزادی کے حق میں اور بھارت مخالف نعرے درج تھے۔

24

کے طور پر پیش کی جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور کر لیا۔ قرارداد میں 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی جارحیت کا سیاہ ترین دن قرار دیا گیا اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دینے پر زور دیا گیا۔ ایوان نے کشمیریوں کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے عالمی برادری سے بھارتی مظالم کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا اور اعادہ کیا کہ پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھارت تقریباً گزشتہ 80 سال سے کشمیری عوام پر ظلم کر رہا ہے، ہزاروں افراد اب تک شہید کیا جا چکا ہے، تقریباً 7 ہزار کشمیریوں کو جیل میں شہید کیا گیا، کشمیری اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں اور ایک انچ پیچھے نہیں ہٹے۔ امیر مقام نے کہا کہ بھارت نے مقبوضہ کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کر رکھا ہے، اسلام آباد میں کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کی تقریب میں ہزاروں کی تعداد میں سول سوسائٹی اور طلباء نے شرکت کی۔

25

کا مشاہدہ کیا گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق ڈولفن کی یہ قسم سائنسی طور پر نایاب نسل ٹروپس آڈینس ہے جو بلوچستان کے ساحلی علاقوں سمیت بحیرہ عرب کے پانیوں میں پائی جاتی ہے۔ نایاب نسل کی ڈولفن موجودگی پاکستان کی سمندری حیات اور ساحلی ماحولیاتی نظام کے لیے ایک انتہائی مثبت علامت ہے۔ ڈولفن کے علاوہ کچھوے، وہیل اور دیگر سمندری جاندار بھی پاکستانی ساحلی پانیوں میں موجود ہیں، جن کا تحفظ سمندری ماحول کا توازن برقرار رکھنے کیلئے ضروری ہے۔ پاکستان میں سمندری حیات کے تحفظ کیلئے ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان ماہی گیروں اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ ورلڈ وائڈ فنڈ فار نیچر کے مطابق پاکستان کے ساحلی پانیوں میں ڈولفن، وہیل اور دیگر سمندری حیات کی 26 اقسام پائی جاتی ہیں۔ ڈولفن اور دیگر سمندری حیات کا تحفظ ساحلی ماحولیاتی نظام کے لیے اہم ہے۔

26

پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا باضابطہ آغاز کر دیا گیا۔ تقریب میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ، پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ، چینی وزارت خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان ذرائع ابلاغ کے تعاون کو فروغ دینا، معلومات کے تبادلے کو بہتر بنانا اور غلط خبروں و گمراہ کن معلومات کی روک تھام کے لیے مشترکہ کوششیں کرنا ہے۔

27

انتظامیہ اور پولیس فورس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ انتظامیہ اور پولیس نے علاقے سے گزرنے والی تمام چھوٹی و بڑی گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ متبادل راستے اختیار کریں اور دوران سفر شدید احتیاط برتیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار حادثے سے بچا جا سکے۔

28

فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے، مرغی کا گوشت 850 روپے فی کلو تک پہنچ گیا ہے، جبکہ دال، چاول، چینی، آٹا، خوردنی تیل سمیت تمام اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ خضدار میں سوئی گیس کی سہولت موجود نہیں، عوام ایل پی جی پر گزارا کرتے ہیں مگر وہ بھی مصنوعی انداز میں مہنگی بیچی جا رہی ہے، دوسری جانب مرغی اور کریانہ مافیا بھی من مانی قیمتیں وصول کر رہا ہے، جس سے غریب، مزدور اور سفید پوش طبقہ فاقہ کشی پر مجبور ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، کوئی سرکاری نرخ نامہ موجود نہیں، دکاندار اپنی مرضی کے نرخ لگا کر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار اور اسسٹنٹ کمشنر خضدار سے پرزور مطالبہ کیا کہ مہنگائی کا فوری نوٹس لے کر ایل پی جی، مرغی اور تمام اشیائے خورد و نوش کے سرکاری نرخ نامے جاری کیے جائیں اور گرانفروشوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

29

کے دور میں پہلی مرتبہ یہ تقرری نہیں ہوئی بلکہ ماضی میں بھی نائب وزیراعظم کی تقرری کی جاتی رہی ہے۔ منگل کو ایوان بالا میں سینیٹر محمد ہمایوں مہمند کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت آئین اور رولز آف بزنس کے تحت امور انجام دیتی ہے اور نائب وزیراعظم کی تقرری بھی متعلقہ قواعد کے مطابق کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم کی تقرری کے حوالے سے آئین میں واضح گنجائش ہونے یا نہ ہونے کا معاملہ ایک رائے کی حیثیت رکھتا ہے جس پر بحث ہو سکتی ہے، اگر کوئی رکن مستقبل میں اس حوالے سے آئینی ترمیم کی تجویز دینا چاہتا ہے تو اسے اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہے۔ وفاقی وزیر نے وضاحت کی کہ رولز آف بزنس 1973 کے رول 5(2) کے تحت وزیراعظم کو معاونت فراہم کرنے کے لیے متعلقہ انتظامی گنجائش موجود ہے اور حکومت نے اسی قاعدے کے تحت نائب وزیراعظم کی تقرری کی ہے۔

30

کی۔ منگل کو یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر تجارت نے قطر سمیت عالمی سرمایہ کاروں کو مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی اور پاکستان اور قطر کے تجارتی تعلقات، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون مزید مضبوط بنانے کا عزم کیا۔ اس موقع پر جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے ڈی ایٹ سیکرٹری جنرل سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈی ایٹ ممالک کے درمیان تجارت بڑھانے اور اقتصادی روابط مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا اور ڈی ایٹ ممالک کی باہمی تجارت 2030 تک 500 ارب ڈالر تک پہنچانے کے ہدف پر گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈی ایٹ ترجیحی تجارتی معاہدے پر مؤثر عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایٹ ممالک کے درمیان تجارتی رکاوٹیں کم اور نئی منڈیوں تک رسائی بڑھانا چاہتے ہیں۔

31

میں وقفہ سوالات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ 200 یونٹ کی حد بڑھا کر 250 یونٹ تک کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے، کیونکہ صاحب حیثیت افراد سولر سسٹم لگا کر اپنے بجلی کے یونٹ 200 سے کم کر لیتے ہیں اور رعایت سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے ٹیرف سلیب کا تعین ضروری ہے تاکہ مستقبل میں یہ مسئلہ ختم ہو، 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 2 کروڑ تک پہنچ گئی ہے، 200 یونٹ تک بجلی استعمال کرنے والوں میں زیادہ تر صارفین شمسی توانائی استعمال کرتے ہیں۔ اویس لغاری نے کہا کہ حکومت یونٹس کے بجائے غربت کی بنیاد پر بجلی صارفین کو ریلیف دینے کے نظام پر کام کر رہی ہے، غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے والوں کو ریلیف دینے کے منصوبے پر کام جاری ہے۔ انہوں نے اجلاس کو بتایا کہ توانائی کے شعبے کا گردشی قرضہ کم ہو کر 1670 ارب روپے رہ گیا ہے اور آئندہ چار سال کے دوران گردشی قرضے کو ختم کرنے کا ہدف ہے، آئندہ چار سال میں گردشی قرضوں پر ڈیٹ سروس سرچارج بھی ختم ہو جائے گا۔ اویس لغاری نے کہا کہ حکومت کے قیام کے وقت وزارت توانائی کو 1180 ارب روپے بجٹ سپورٹ ملتی تھی جبکہ وزارت توانائی کی بجٹ سپورٹ رواں سال کم ہو کر 700 ارب روپے رہ گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈسکوز کے نقصانات میں ہر سال کمی کی گئی ہے، ڈسکوز کے نقصانات میں کمی کا فائدہ ابھی تک صارفین کو نہیں پہنچ سکا۔

32

زہری نے 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب بھارتی افواج نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں داخل ہو کر کشمیری عوام کی آزادی سلب کرنے کی کوشش کی یہ دن کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم اور ان کی جدوجہدِ آزادی کی یاد دلاتا ہے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی مظالم، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور ریاستی جبر کا سامنا کر رہے ہیں، لیکن ان کے حوصلے اور آزادی کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکا کشمیری عوام کی قربانیاں ان کی جدوجہد اور حق خودارادیت سے وابستگی کا واضح ثبوت ہیں انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے۔ عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا 27 اکتوبر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی حمایت جاری رہے گی اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔

01

کے دوران سائبر کریمنلز نے پاکستانیوں کے 8 ارب 32 کروڑ لوٹ لیے، 3 سالوں کے دوران این سی سی آئی اے صرف 3 ہزار 82 سائبر کریمنلز کو پکڑ سکا۔ دستاویز کے مطابق سال 2024 میں 3 لاکھ 85 ہزار، 2025 میں 6 لاکھ 76 ہزار 646 افراد فراڈ کا شکار ہوئے، سال 2026 میں 3 لاکھ 6803 افراد سائبر فراڈ کا شکار ہوئے، سال 2024 میں 83 ہزار شکایات آئیں جن میں سے 3638 پر ایف آئی آرز ہوئیں۔ دستاویز نے کہا کہ سال 2025 میں 76 ہزار شکایات آئیں اور 999 ایف آئی آرز ہوئیں، سال 2026 میں 68 ہزار شکایات آئیں اور 391 مقدمات درج ہوئے۔

02

میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر ذرائع نے دعویٰ کیا کہ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر مقرر کی گئی ہے۔ یکم نومبر سے تاخیر سے گوشوارے جمع کرانے والوں پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ہی ملک میں یکم نومبر سے 'لیٹ فائلر' کی کیٹگری ختم ہو کر براہ راست 'نان فائلر' کی اصطلاح رہ جائے گی، اور نان فائلرز کے لیے انکم ٹیکس گوشواروں پر لیٹ پیمنٹ کا جرمانہ کئی گنا بڑھ جائے گا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق یکم نومبر سے گوشوارے جمع نہ کرانے پر لیٹ فیس کی بجائے نان فائلر کا بھاری جرمانہ لاگو ہوگا۔ نئی ترجیحات کے تحت انفرادی گوشوارہ وقت پر جمع نہ کرانے پر جرمانہ ایک ہزار روپے کی بجائے بڑھ کر 25 ہزار روپے تک پہنچ جائے گا۔ اسی طرح یکم نومبر سے لیٹ فائلر ایسوسی ایشن آف پرسنز سے جرمانہ 10 ہزار کی بجائے 50 ہزار روپے، جبکہ لیٹ فائلر کمپنی سے جرمانہ 20 ہزار کی بجائے ایک لاکھ روپے وصول کیا جائے گا۔

03

یک جان دو قالب کی مانند ہیں، پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات مشترکہ مذہب، اخوت، محبت اور اعتماد کے لازوال رشتوں میں بندھے ہوئے ہیں، سعودی عرب کی سلامتی پاکستان کی سلامتی ہے، دونوں ممالک ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتا ہے۔

04

خصوصی دلچسپی لی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کا منصوبہ مکمل ہو گیا ہے اور اب اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افتتاح کے بعد قیدیوں کو اس جیل میں منتقل کیا جائے گا۔ بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی ممکنہ منتقلی سے متعلق سوال پر وفاقی وزیر داخلہ نے جواب دیا کہ جو قیدی اسلام آباد کا ہوگا، اسے اس جیل میں منتقل کیا جائے گا۔ محسن نقوی کا مزید کہنا تھا کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد اس کے افتتاح اور قیدیوں کی منتقلی کے مراحل آگے بڑھائے جائیں گے۔

05

علاقے کی طرف بھیجے گئے 4 ڈرونز کو بھی تباہ کر دیا۔ اتحاد کی جانب سے جاری بیان میں میزائلوں کے ممکنہ اہداف، کسی جانی نقصان یا املاک کو پہنچنے والے نقصان سے متعلق تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ ادھر سعودی حکام نے مشرقی علاقے اور خرج میں ممکنہ حملے کے جاری الرٹ واپس لے لئے۔ علاوہ ازیں یمنی افواج کے ترجمان ماجد التزیلی نے کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹے میں حوثی ملیشیا کے ٹھکانوں پر 1276 حملے کیے گئے، حوثی ملیشیا کے 382 کمانڈروں اور اہلکاروں کو ہدف بنایا گیا۔ یمنی افواج کے ترجمان نے بتایا کہ ایک بکتر بند گاڑی سمیت حوثیوں کی 141 گاڑیاں تباہ کر دیں، حملوں میں حوثیوں کے کمانڈ اینڈ کنٹرول مراکز، دفاعی تنصیبات اور کمک کو نشانہ بنایا گیا۔ ماجد التزیلی کے مطابق تعز شہر میں متعدد پہاڑیوں اور اہم مقامات پر پوزیشن مضبوط بنالی، تعز، الجوف، مارب اور البیضا کے محاذوں پر کارروائیاں جاری ہیں، الخا شہر میں حوثیوں کے ایک کمانڈ اینڈ کنٹرول مرکز کو نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب سعودی عرب میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر امریکی سفارت خانے نے اپنے شہریوں کے لیے سکیورٹی الرٹ دوبارہ جاری کر دیا۔ ریاض میں امریکی سفارت خانے کے مطابق غیر ہنگامی سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو سعودی عرب چھوڑنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ نے سکیورٹی خطرات کے پیش نظر سعودی عرب میں تعینات امریکی حکومت کے غیر ہنگامی عملے اور سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو ملک چھوڑنے کا حکم دیا ہے۔ امریکی شہریوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ سعودی عرب میں

معیشت پہلے ہی مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے، افغانستان اور بھارت کے ساتھ تجارتی رکاوٹوں کے بعد خطے میں مزید کشیدگی ملکی معیشت پر اضافی دباؤ ڈال سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران سمیت خطے کے ممالک کے ساتھ تجارتی راستوں کی بحالی پاکستان کے لیے اہم ہے کیونکہ اس سے تجارت، سرمایہ کاری اور برآمدات کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سمیت مقدس مقامات کا تحفظ پوری امت مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پاکستان اس حوالے سے اپنے عزم پر قائم ہے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ چنیوٹ میں ہیپاٹائٹس کے کیسز کی اطلاعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ کیسز کی تصدیق کے لیے دوبارہ ٹیسٹ کرائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صاف پانی کی عدم دستیابی سمیت مختلف عوامل بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتے ہیں اس لیے صورت حال کا درست جائزہ لینا اور اس کے مستقل حل کے لیے موثر اقدامات کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ حکام اور حکومت کو صورت حال سے آگاہ کیا جائے گا تاکہ عوام کو معیاری علاج، ادویات اور ماہر ڈاکٹروں کی سہولیات فراہم کی جا سکیں، ضرورت پڑنے پر طبی سہولیات میں اضافہ اور مزید میڈیکل کیمپس بھی قائم کیے جانے چاہئیں تاکہ لوگوں کو ان کی دہلیز پر علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بچوں کی صحت اور تعلیم پر سرمایہ کاری پاکستان کے روشن مستقبل کے لیے ناگزیر ہے، پسماندہ علاقوں میں صحت اور تعلیم کی سہولیات بہتر بنانے اور بیماریوں کی بروقت تشخیص و علاج کے لیے موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ قیصر احمد شیخ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری رہنی چاہئیں تاکہ شہریوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آئیں اور معاشرے کو صحت مند، تعلیم یافتہ اور خوشحال مستقبل کی جانب گامزن کیا جا سکے۔

11

پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے، دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے میڈیا، معلومات کے تبادلے اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا موثر استعمال وقت کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) نے دہائیوں کی خیرسگالی کو عملی ترقی، توانائی کے منصوبوں اور بنیادی ڈھانچے میں تبدیل کیا۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ سی پیک کے پہلے مرحلے نے دونوں ممالک کی زمینوں کو جوڑا، جبکہ اگلے مرحلے میں ذہنوں کو ملانے پر توجہ دی جائے گی، سی پیک 2.0 کے تحت ترقی، روزگار، جدت اور ماحول دوست ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے کا ہدف ہے۔


12

میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں ڈپٹی کمشنر آفس سے آفیسر کلب تک ریلی نکالی گئی، جس میں ضلعی افسران، قبائلی عمائدین، اساتذہ کرام، طلبا اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکا نے کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کے خلاف نعرے لگائے اور عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا مطالبہ کیا تفصیلات کے مطابق 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کا آغاز ایک منٹ کی خاموشی سے ہوا، جس کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس سے ایک منظم ریلی نکالی گئی۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی آفیسر کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم، کشمیر کے پرچم اور مختلف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی، بھارتی اقدامات کی مذمت اور کشمیر کی آزادی کے حق میں نعرے درج تھے ریلی کے شرکا نے پرجوش نعرے بازی کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گی۔ اس موقع پر شرکا نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جا سکتا اور مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ 27 اکتوبر کو پورے پاکستان میں یوم سیاہ کے طور پر منایا جاتا ہے جس کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا اور دنیا کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورت حال کی جانب مبذول کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی افواج کی کشمیر میں آمد اور بھارتی قبضے کے خلاف کشمیری عوام ہر سال یوم سیاہ مناتے ہیں، جبکہ پاکستان اس دن اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہونے کے عزم کا اعادہ کرتا ہے ڈپٹی کمشنر نے مقبوضہ کشمیر پر بھارتی قبضے کی

حکومت بلوچستان کے پنشنرز کیلئے خوشخبری۔

حکومت بلوچستان کے تمام پنشنرز کو خوشخبری دی جاتی ہے کہ جن معزز پنشنرز نے نادرا اپلیکیشن پاک آئی ڈی (PAK ID) سے پروف آف لائف کی تصدیق کی ہے انکی ریسٹوریشن اور 85 سال کی انکریز آپکے پنشن میں سسٹم کے ذریعے آٹومیٹک ہو جائیگی۔

لہٰذا جن پنشنرز نے پاک آئی ڈی سے پروف آف لائف تصدیق نہیں کی ہے ان سے درخواست ہے کہ جلد سے جلد اپنی تصدیق کرائیں، کسی بھی مشکل کی صورت میں نادرا کے قریبی دفتر سے اپنی تصدیق کرائیں۔



Office of the Accountant General Balochistan

میر ضیاءاللہ لانگو کی زیرِ صدارت سوراب میں امن و امان پر اعلیٰ سطحی اجلاس

قومی شاہراہوں کا تحفظ اور شہریوں کی سیکیورٹی پہلی ترجیح ہے،، وزیر داخلہ کا خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاءاللہ لانگو کی زیرِ صدارت سوراب میں امن و امان کی مجموعی صورتحال سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکن بلوچستان اسمبلی میر ظفر زہری، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ایران کے میزائل یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

امریکا نے جنگ بندی کر کے اچھا بننے کی کوشش کی لیکن یہ محض وقت کا ضیاع ثابت ہوئی، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران نے ایسے میزائل تیار کر لیے جو یورپ تک پہنچنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور سان ڈیاگو اور لاس اینجلس سمیت امریکا کے دیگر شہروں کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں۔ امریکی ریاست مسیسپی میں انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے ایران کے ساتھ جنگ شروع نہیں کی بلکہ ایران (باقی صفحہ 3 نمبر 8)



کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم سیاہ کشمیر ریلی کے اختتام پر صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی، معاون داخلہ بابر یوسفزئی بلوچستان اسمبلی کے سامنے میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

میں فوج کے سربراہ کو برطرف کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا، نیتن یاہو

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ میں فوج کے سربراہ کو برطرف کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق نیتن یاہو کو انتخابات سے محض چند گھنٹے قبل سوشل میڈیا پر یہ غیر معمولی وضاحت دینا پڑی۔ نیتن یاہو کا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

پاکستان نے سلامتی کونسل میں ویٹو پاور میں توسیع کی مخالفت کر دی

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ویٹو پاور کی توسیع کی مخالفت کرتے ہوئے سلامتی کونسل میں جامع، جمہوری اور منصفانہ اصلاحات پر زور دیا جب کہ ویٹو کے استعمال کے بعد جنرل اسمبلی میں بحث کے انعقاد کی حمایت کا بھی اعادہ کیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن کے قونصلر گل قیصر سروانی نے کہا ہے کہ ویٹو پاور میں توسیع سے سلامتی کونسل (باقی صفحہ 3 نمبر 9)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، سابق وفاقی وزیر خلیل جارج مسلم لیگ ن کی اقلیتی رہنما ثناء انتظار کے بھائی انتظار مسیح کے بیٹے آکاش عظیم کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

حوثیوں کی جانب سے داغے گئے 3 میزائل اور 4 ڈرون تباہ کر دیئے گئے، سعودی اتحاد

یمنی افواج کے 24 گھنٹے میں حوثی ملیشیا پر 1276 حملے، 382 کمانڈر و اہلکار نشانہ بنے

ریاض، صنعا، واشنگٹن (جی این ایم) سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ یمن کے حوثیوں کی جانب سے مشرقی علاقے کی طرف داغے گئے 3 بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی کے مطابق جنوبی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

سپیکر قومی اسمبلی سے سعودی عرب کے سفیر کی ملاقات، تعیناتی پر مبارکباد دی

اسلام آباد (جی این ایم): سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے منگل کو سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الثقمی نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ سپیکر قومی اسمبلی نے ڈاکٹر راجح بن طامی الثقمی کو پاکستان میں بطور سفیر تعیناتی پر مبارکباد دی اور کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل، افتتاح کے بعد قیدیوں کو منتقل کیا جائے گا: محسن نقوی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ماڈل جیل کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور اس کا جلد افتتاح کیا جائے گا، جس کے بعد قیدیوں کو نئی جیل میں منتقل کرنے کا عمل شروع ہوگا۔ محسن نقوی نے اسلام آباد ماڈل جیل کا دورہ کیا اور اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ حکومت سنبھالتے ہی اسلام آباد میں جیل کی تعمیر کے منصوبے میں (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

ملک میں سائبر کرائمز کی ہوشربا صورتحال، پاکستانیوں کے اربوں روپے لوٹ لیے گئے

3 سالوں کے دوران این سی سی آئی اے صرف 3 ہزار 82 سائبر کریمنلز کو پکڑ سکا

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد میں ملک میں سائبر کرائمز کی ہوشربا صورتحال ہے جب کہ مقدمات کا اندراج انتہائی کم ہے۔ رپورٹ کے مطابق 3 سالوں (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ایف بی آر کا انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کو بھاری جرمانوں کا انتباہ

ملک میں یکم نومبر سے 'لیٹ فائلر' کی کیٹگری ختم ہو کر براہِ راست 'نان فائلر' کی اصطلاح رہ جائے گی

اسلام آباد (جی این ایم) ایف بی آر نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر سے بھاری جرمانوں کا اطلاق ہوگا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



اسلام آباد: چیئرمین نیب ... 140ویں سینئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

سی پیک نے معیشتوں کو جوڑا، معلوماتی راہداری عوام کو قریب لائیگی: عطا تارڑ

سی پیک نے پاکستان اور چین کی معیشتوں کو جوڑا ہے، جبکہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی سمجھ بوجھ اور اعتماد کو فروغ دے گا

پاک چین دوستی نسل در نسل منتقل ہونے والا قیمتی ورثہ ہے، جسے نئی نسل تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سی پیک نے پاکستان اور چین کی معیشتوں کو جوڑا ہے، جبکہ چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان باہمی سمجھ بوجھ اور اعتماد کو فروغ دے گا۔ اسلام آباد میں چین پاکستان انفارمیشن کوریڈور کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ ڈیجیٹل دور میں رابطہ طاقت اور بیانیہ خودمختاری ہے، جو قوم اپنی کہانی خود نہیں سناتی، اس کی کہانی دوسرے سناتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی نسل در نسل منتقل ہونے والا قیمتی ورثہ ہے، جسے نئی نسل تک (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے لیے کوشاں

جنگ کے اثرات خطے کی معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں، قیصر احمد شیخ

چنیوٹ (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے اور امن و استحکام کے قیام کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ جنگ کے اثرات خطے کی معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں ... چنیوٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

سیوی، 'یوم سیاہِ کشمیر' کے موقع پر ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی کی قیادت میں ریلی

پاکستان کا ہر شہری کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کے لیے پرعزم ہے الیاس کبزئی

سیوی (جی این ایم) ملک بھر کی طرح سیوی میں بھی 27 اکتوبر یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر کشمیری بہن بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سیوی (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

عالمی برادری انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے کردار ادا کرے، فیصل جمالی

27 اکتوبر یوم سیاہِ کشمیر، کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی (جی این ایم) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ میر فیصل خان جمالی نے اپنے پیغام میں کہا کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیری عوام کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے۔ یہ دن ہمیں کشمیری عوام کی طویل جدوجہد، قربانیوں اور حقِ خودارادیت کے لیے ان کے غیر متزلزل (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

وسط مدتی انتخابات سے قبل ٹرمپ کی مقبولیت میں معمولی اضافہ

کانگریس کے انتخابات میں ڈیموکریٹس کو ری پبلکنز پر واضح برتری حاصل

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے قبل صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی عوامی مقبولیت میں معمولی اضافہ ہو گیا، تاہم کانگریس کے انتخابات میں ڈیموکریٹس کو ری پبلکنز پر واضح برتری حاصل ہے۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز اور سروے ادارے اپسوس کے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

شام، ڈرون حملہ، القاعدہ سے وابستہ منحرف تنظیم کے کمانڈر سمیت 3 افراد ہلاک

اردنی فوج کے حملوں میں تین بچوں سمیت سات افراد ہلاک ہوئے ہیں، شامی حکومت کا دعویٰ

دمشق (جی این ایم) شام میں دمشق اور حمص کو ملانے والی شاہراہ پر ڈرون حملے میں تین افراد ہلاک ہو گئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق حملے میں قسطل کے علاقے میں گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، شامی وزارت دفاع نے ہلاک ہونے والوں میں القاعدہ سے وابستہ منحرف تنظیم کے کمانڈر ابو عبدالرحمٰن کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے جبکہ دیگر دو افراد کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

غزہ میں اسرائیلی حملے، 38 ہزار فلسطینی خواتین، بچیاں جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں، رپورٹ

اسرائیل نے نسل کشی کا ارتکاب جاری رکھا ہوا ہے، اقوام متحدہ

غزہ، نیویارک (جی این ایم) غزہ میں اسرائیلی جنگ کے نتیجے میں فلسطینی خواتین اور بچیوں کی ہلاکتوں اور تباہ حال زندگیوں سے متعلق دل دہلا دینے والے اعداد و شمار سامنے آ گئے۔ غزہ کی وزارت امور خواتین کے مطابق سات اکتوبر 2023 سے اب تک 38 ہزار سے زائد خواتین اور بچیاں جان سے ہاتھ دھو بیٹھی ہیں جبکہ 11 ہزار 700 دیگر ایسی شدید چوٹوں کا شکار ہوئیں جن کے نتیجے میں وہ مستقل معذوری سے دوچار ہو گئیں۔ وزارت کے مطابق مجموعی طور پر 50 (باقی صفحہ 3 نمبر 45)



کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، عبدالنعیم رند، زاہد اختر بلوچ، عارف دمڑ، مولانا عبدالکبیر شاکر، جمیل احمد مشوانی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی سے حریت رہنما سید فیض نقشبندی کی ملاقات

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی وسفارتی حمایت جاری رکھے گا، عالمی برادری وادی میں بھارتی مظالم کا نوٹس لے، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) آل پارٹیز حریت کانفرنس (APHC) آزاد جموں و کشمیر چیپٹر کے کنوینر سید فیض نقشبندی نے بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی سے اسپیکر چیمبر، بلوچستان اسمبلی میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مسئلہ کشمیر، کشمیری عوام کی جدوجہد اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کا معاملہ، الیکشن کمیشن کا فیصلہ محفوظ

صوبائی مشیر کا قانون بدامنی اور ایمرجنسی کے باعث 12 اضلاع میں انتخابات کرانے سے معذوری کا اظہار

اسلام آباد (جی این ایم) الیکشن کمیشن نے پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق کیس کا فیصلہ محفوظ کر لیا، مشیر قانون خیبر پختونخوا نے بدامنی اور ایمرجنسی کے باعث 12 اضلاع میں انتخابات کرانے سے معذوری ظاہر کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں پانچ رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ دورانِ سماعت الیکشن کمیشن کے اسپیشل (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 21.5 ارب ڈالر، ٹیکس وصولی 3.1 ٹریلین روپے تک پہنچ گئی

مجموعی برآمدات 11 فیصد اضافے کے ساتھ 11.2 ارب ڈالر رہیں، جبکہ ترسیلات زر 14 فیصد بڑھ کر 10.9 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی مشیر برائے اقتصادی و مالیاتی اصلاحات خرم شہزاد کے مطابق مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 52 فیصد اضافے کے ساتھ 21.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، جبکہ ایف بی آر کی ٹیکس وصولی 7 فیصد اضافے سے 3.1 ٹریلین روپے ریکارڈ کی گئی۔ خرم شہزاد نے پہلی سہ ماہی کی معاشی کارکردگی کا جائزہ پیش (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

خودکش حملوں اور دہشت گردی کے خلاف متفقہ فتویٰ کی توثیق

فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے خلاف افواجِ پاکستان اور سلامتی کے اداروں کی جدوجہد کی مکمل حمایت' متفقہ اعلامیہ

کوئٹہ (اے این این) قومی پیغامِ امن کمیٹی، حکومتِ پاکستان اور صوبائی پیغامِ امن کمیٹی، حکومتِ بلوچستان کے زیرِ اہتمام جامعہ سلفیہ دعوۃ الحق میں تمام مکاتبِ فکر کے علماء و مشائخ اور مختلف مذاہب کے قائدین کا اہم مشترکہ اجلاس چیئرمین پاکستان علماء کونسل و کوآرڈینیٹر قومی پیغامِ امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں مولانا علی محمد ابوتراب، (باقی صفحہ 3 نمبر 38)



قلات: ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری تحصیل خالق آباد کی خواتین کے مسائل سن رہی ہیں



اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کے ہمراہ فیڈرل جوڈیشل اکیڈمی میں کنٹینیوئنگ لیگل ایجوکیشن پروگرام میں شرکت کرنے والے بلوچستان کے بار ممبران کے وفد کے ساتھ گروپ فوٹو

یو اے ای کے سمندر میں تیل پھیل گیا، شارجہ و راس الخیمہ کے ساحل بند

دبئی (جی این ایم) متحدہ عرب امارات کے ساحلی علاقے میں ٹینکر سے خارج ہونے والا تیل وسیع علاقے میں پھیل گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق سیٹلائٹ تصاویر میں اماراتی ساحلوں کے اطراف تیل پھیلا ہوا نظر آ رہا ہے۔ تیل کے اخراج کے باعث شارجہ اور راس الخیمہ کے ساحلو (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ملک بھر کے ایئرپورٹس پر ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم ایک گھنٹہ معطل رہنے کے بعد بحال

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر کے ایئرپورٹس پر ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم ایک گھنٹہ معطل رہنے کے بعد بحال ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک بھر کے ایئرپورٹس پر ایف آئی اے کا امیگریشن سسٹم بیٹھ گیا تھا۔ ایئرپورٹ حکام کے (باقی صفحہ 3 نمبر 46)

27 اکتوبر 1947 کا بھارتی عسکری اقدام عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (جی این ایم) یومِ سیاہ کشمیر پر وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے بھارتی تسلط کو جھوٹ اور فریب پر مبنی قرار دیتے ہوئے کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

سعودی عرب کا اپنا خام تیل سنگاپور میں ذخیرہ کرنیکا فیصلہ

سنگاپور سٹی (جی این ایم) سنگاپور اور سعودی آرامکو نے 2027 سے سعودی خام تیل کو سنگاپور میں زیرِ زمین واقع تنصیبات میں ذخیرہ کرنیکا منصوبہ بنایا ہے۔ اس اقدام کا مقصد عالمی سطح پر تیل کی فراہمی میں رکاوٹوں کے پیش نظر توانائی (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

امریکا کی مزید کارروائی کا جواب پہلے سے زیادہ سخت اور تباہ کن ہوگا، مشیر ایرانی سپریم لیڈر

تہران (جی این ایم) ایران کے سپریم لیڈر کے نمائندے برائے پاسدارانِ انقلاب عبداللہ حاجی صادقی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کی جانب سے مزید کسی مہم جوئی کا جواب پہلے سے زیادہ سخت اور تباہ کن ہوگا۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق عبداللہ حاجی نے ایک بیان میں کہا کہ دشمن نے غلط اندازہ لگایا تھا کہ ایرانی (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

سرداری و نوابی نظام سنڈیمن کے دور میں مسلط کیا گیا، مولانا ہدایت

یہ نظام اسٹیبلشمنٹ کے بل بوتے پر زندہ ہے، اپوزیشن کا رویہ بھی حکومتی وزراء جیسا ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (جی این ایم) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا ہے کہ وہ بلوچستان اسمبلی کی اڑھائی سالہ کارکردگی عوام کے سامنے رکھنے آئے ہیں، انہوں نے اسمبلی میں عوامی مسائل اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے اور عوام کی مشکلات کے باوجود اپوزیشن کو اس عرصے میں کچھ نظر نہیں آیا۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ موجودہ اپوزیشن (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کشمیری عوام کی حقِ خودارادیت کی جدوجہد کی حمایت جاری رکھیں گے، میر سلیم کھوسہ

یومِ سیاہ کشمیر کشمیری عوام کی قربانیوں اور مشکلات کو اجاگر کرنے کا دن ہے، یوم سیاہ کشمیر پر پیغام

کوئٹہ (جی این ایم) وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، پاکستانی قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کے جائز حقوق کی حمایت جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوم سیاہ کشمیر منانے کا مقصد مقبوضہ کشمیر کے عوام کی مشکلات (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

یومِ سیاہ کشمیر کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، زرک مندوخیل

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر کردار ادا کرے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (جی این ایم) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے یومِ سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، ان کی قربانیاں اور استقامت قابلِ توجہ ہیں، جبکہ پاکستانی عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی اخلاقی و سیاسی حمایت جاری رکھیں گے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا، گورنر خیبر پختونخوا

مساعد حالات کے باوجود کشمیری عوام کا حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے عزم آج بھی مضبوط ہے

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947 تاریخِ کشمیر کا ایک سیاہ باب ہے جب بھارتی افواج نے کشمیر میں داخل ہو کر ناجائز قبضہ کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز میڈیا کو جاری بیان میں کیا۔ گورنر نے کہا کہ یومِ سیاہ کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور حقِ خودارادیت کے لیے ان کی لازوال استقامت (باقی صفحہ 3 نمبر 27)



بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کا افتتاح کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی ناز بلوچ کا یومِ سیاہ پر کشمیر عوام کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) رہنما پاکستان پیپلز پارٹی و رکن قومی اسمبلی ناز بلوچ نے یومِ سیاہ کشمیر پر کشمیری عوام کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کا دن کشمیری قوم کے لیے غم اور جدوجہد کی علامت ہے۔ اسی روز بھارت نے اپنی فوجیں کشمیر میں داخل کر کے غیر قانونی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

کسی بھی ممکنہ بیرونی حملے کا مقابلہ کرنے کے لئے مکمل طور پر تیار ہونا ہوگا، برطانوی وزیر دفاع

لندن (جی این ایم) برطانوی وزیر دفاع ویلس سٹریٹنگ نے خبردار کیا ہے کہ برطانیہ کو 2030 تک کسی بھی ممکنہ بیرونی حملے کا مقابلہ کرنیکیلئے مکمل طور پر تیار ہونا ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ان کا کہنا ہے کہ مخالف ریاستوں کی جانب سے برطانیہ کو مختلف نوعیت کے خطرات (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

ایران کی شرکت کے بغیر خلیج فارس میں پائیدار سلامتی ممکن نہیں، عمانی وزیرِ خارجہ

لندن (جی این ایم) عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے کہا ہے کہ ایران کی شرکت کے بغیر خلیج فارس میں پائیدار سلامتی ممکن نہیں اور خطے کے ممالک کو اپنی سلامتی کی ذمہ داری خود سنبھالنی چاہیے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

سرحد عبور کر کے اسرائیل میں داخل ہونیوالا مصری شہری زیرِ حراست

تل ابیب (جی این ایم) مصر سے سرحد عبور کر کے اسرائیل میں داخل ہونے والے مصری شہری کو اسرائیلی فوج نے حراست میں لے لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اس حوالے سے اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ مصری (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

مجتبیٰ خامنہ ای مکمل صحت مند، پرعزم و پرامید ہیں، باقر قالیباف

تہران (جی این ایم) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای مکمل صحت مند، پرعزم، پرجوش اور پرامید ہیں، انہیں ملک کے مجموعی اور تفصیلی معاملات پر مکمل گرفت حاصل ہے۔ پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے باقر قالیباف نے بتایا ہے کہ میں نے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای سے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

یورپی شہروں میں مظاہرین اور پولیس کے درمیان تصادم، سیکیورٹی سخت کر دی گئی

فرانس میں ملک بھر میں تقریباً 4 لاکھ 10 ہزار افراد سڑکوں پر نکل آئے

برسلز، پیرس (جی این ایم) یورپ کے مختلف شہروں میں مہنگائی، رہائش، تعلیم، پنشن، سرکاری پالیسیوں اور جنگی اخراجات کے خلاف ہونے والے مظاہروں کے دوران کئی مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپیں جاری ہیں۔ فرانس، اٹلی، بیلجیم، اسپین اور البانیہ سمیت متعدد ممالک میں سیکیورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس میں 24 اکتوبر کو (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

یوکرین کو روسی حملوں سے دفاع کیلئے امریکی میزائلوں کی فراہمی میں تاخیر کا سامنا

امریکی وزیر دفاع کی منظوری کے انتظار میں ایک ماہ گزر چکا ہے، صدر زیلنسکی

کیف (جی این ایم) یوکرین کو روسی حملوں سے دفاع کے لیے اہم امریکی میزائلوں کی فراہمی میں تاخیر کا سامنا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر زیلنسکی کا کہنا ہے کہ امریکی وزیر دفاع کی منظوری کے انتظار میں ایک ماہ گزر چکا ہے، انہوں نے اپنی ٹیم کو امریکی حکام کے ساتھ یہ معاملہ دوبارہ اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

بلوچستان کے تمام ٹرانسپورٹرز کا قلات سنگداس چیک پوسٹ ختم کرنے کا مطالبہ

قلات سنگداس چیک پوسٹ ٹرانسپورٹروں اور چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لیے عذاب بن چکا ہے، مشترکہ اعلامیہ

کوئٹہ (جی این ایم) آل بلوچستان بے روزگار یونین، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اور منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے سنگداس پولیس چیک پوسٹ ضلع قلات کو فوری طور پر ختم (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر زیادتیوں کا نوٹس لیا جائے، ٹرانسپورٹرز

تلاشی کے نام پر مسافر کوچز کو گھنٹوں روکنے سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اعلیٰ حکام نوٹس لیں

کوئٹہ (جی این ایم) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے مرکزی ترجمان نے لکپاس کسٹم چیک پوسٹ پر نئے تعینات ہونے والے عملے کی جانب سے مسافر کوچز کو مبینہ طور پر بلاوجہ تنگ کرنے، نامناسب رویہ اختیار کرنے اور تلاشی کے نام پر گھنٹوں روکنے پر (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پاکستان و کشمیر لازم و ملزوم، قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی، حافظ نعیم الرحمٰن

تمام پاکستانی مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارتی افواج نے کشمیر میں داخل ہو کر اس پر غاصبانہ قبضہ کیا تھا، جو 79 سال گزرنے کے باوجود برقرار ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور پاکستان و کشمیر لازم و ملزوم ہیں۔ کشمیری عوام بھارتی قبضے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا، احسن اقبال

پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لیے ان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کشمیر کے یوم سیاہ کے موقع پر بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 31)



کوئٹہ، صوبائی وزیر کمیونٹی ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ سے بوائز ڈگری کالج زیارت کے پرنسپل نقیب اللہ کا ملاقات کر رہے ہیں

خضدار، سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 5 دہشت گرد ہلاک

دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کا آپریشنل عزم برقرار، کارروائیاں جاری رہیں گی

ملک و قوم کے امن و استحکام کی خاطر سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی، سیکیورٹی ذرائع

خضدار (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع خضدار کے علاقے کرخ میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر ایک کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (IBO) کرتے ہوئے 5 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے خضدار کی تحصیل کرخ میں دہشت گرد عناصر کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں 5 دہشت گرد موقع پر ہی مارے گئے۔ ترجمان کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی یہ بروقت اور مؤثر کارروائی دہشت گردی کے مکمل خاتمے، شہریوں کی جانی و مالی حفاظت اور صوبے بھر میں امن و امان برقرار رکھنے کے پختہ عزم کی عکاس ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ علاقے کو مکمل طور پر پاک کرنے کے لیے کلیئرنس اور سرچ آ (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی رعایتیں دینا لازمی قرار

لاہور (جی این ایم) پاکستان ریلویز نے دیگر ٹرینوں کی طرح آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی رعایتیں دینا لازمی قرار دے دیا۔ پاکستان ریلویز ہیڈکوارٹرز لاہور کی ہدایات کے مطابق آؤٹ سورس ٹرینوں میں بھی قواعد کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

پاکستان مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، طارق فضل

حکومت تربیت اور استعداد کار میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ دنیا تیزی سے مصنوعی ذہانت کی طرف بڑھ رہی ہے اور پاکستان بھی اس شعبے میں تیزی سے پیش رفت کر رہا ہے، حکومت انسانی وسائل کی ترقی، تربیت، استعداد کار میں اضافے اور وظائف کے ذریعے اس جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ منگل کو (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

پاکستان میں فضائی آلودگی، شہریوں کی اوسط عمر 3.9 سال کم ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان میں فضائی آلودگی سے سالانہ ایک لاکھ 28 ہزار اموات اور شہریوں کی اوسط عمر 3.9 سال کم ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پاکستان میں فضائی آلودگی کے باعث شہریوں کی متوقع عمر میں اوسطاً (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

سردار عبدالرحمٰن کھیتران کی دوبارہ وزارت ملنے کی خبروں کی تردید

وزارت سے متعلق خبریں منفی پروپیگنڈا ہیں، سابق صوبائی وزیر سردار کھیتران

کوئٹہ (جی این ایم) سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے دوبارہ صوبائی وزارت ملنے سے متعلق خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کا وزارت ملنے سے کوئی تعلق نہیں تھا، اس حوالے سے سامنے آنے والی خبریں منفی پروپیگنڈا ہیں۔ اپنی وضاحت میں سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان سے ان کی ملاقات سرداری نظام کے خاتمے سے متعلق مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



... کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں